پیراگراف ہدایات:

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور درست جوابات کی نشان دہی کریں۔

چاند کا سفر انسانی تاریخ کا ایک حیرت انگیز کارنامہ ہے۔ یہ وہ خواب تھا جو انسان نے صدیوں تک دیکھا، لیکن بیسویں صدی میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی نے اس خواب کو حقیقت بنا دیا۔ 20 جولائی 1969ء کو امریکی خلاباز نیل آرمسٹرانگ اور بز ایلڈرن چاند پر قدم رکھنے والے پہلے انسان بنے۔ نیل آرمسٹرانگ کا تاریخی جملہ "یہ ایک انسان کا چھوٹا قدم ہے لیکن انسانیت کے لیے ایک بڑا قدم" آج بھی مشہور ہے۔ چاند پر جانے کے لیے بہت محنت، تحقیق اور وسائل درکار ہوتے ہیں۔ خلابازوں کو نہ صرف تربیت دی جاتی ہے بلکہ جدید ترین راکٹ اور خلائی جہاز استعمال کیے جاتے ہیں تاکہ وہ کامیابی سے خلا میں جا سکیں۔ چاند پر جانے کا مقصد صرف وہاں کی مٹی اور پتھروں کا مطالعہ کرنا نہیں تھا بلکہ یہ تحقیق کرنا تھا کہ کیا مستقبل میں چاند پر انسانوں کی رہائش ممکن ہے۔ سائنس دان آج بھی چاند کے رازوں کو جاننے کے لیے تحقیقات کر رہے ہیں تاکہ انسان کے لیے خلا میں اور آگے بڑھنے کے راستے کھولے جا سکیں۔

سوال نمبر 7: چاند پر قدم رکھنے والے پہلے انسان تھے:

(a) تھامس ایڈیسن (b) نیل آرمسٹرانگ (c) یوری گاگرین (d) جان گلین

سوال نمبر 8: چاند کا سفر ممکن ہوا:

(a) 1960ء (b) 1969ء (c) 1975ء (d) 1980ء

AL-RIAZ ACADEMY
Shaping Futures

سوال نمبر 9: چاند پر جانے کا ایک مقصد تھا:

(a) رہائش کے امکانات کا جائزہ (b) چاند پر چہل قدمی (c) چاند کے موسم کا مطالعہ (d) سیر و سیاحت کا جائزہ

سوال نمبر 10: چاند پر جانے کے لیے چیزیں ضروری ہیں:

(a) کھانے کی اشیا (b) جدید راکٹ اور خلائی جہاز (c) کمپیوٹر (d) ادویات

ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر11:

آئیٹم روبرک (اردو):

دیے ہوئے سوالات میں سے کوئی سے تین کے مختصر جوابات لکھیں۔(15 نمبر)

(الف) ٹریفک کے اشارے کیوں بنائے جاتے ہیں؟

جواب: ٹریفک کے اشارے سڑکوں پر گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں کی آمد و رفت کو منظم رکھنے، حادثات سے بچانے اور شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔

(ب) نغمہ "جیوے جیوے پاکستان" کس کی تخلیق ہے؟

یہ مشہور قومی نغمہ معروف شاعر جمیل الدین عالی کی تخلیق ہے۔

(ج) خواتین کے کام سے متعلق دو معروف شعبوں کے نام:

شعبۂ تعلیم اور شعبۂ طب

(د) آداب کے لفظی معنی کیا ہیں؟

جواب: آداب کے لفظی معنی طریقے، قواعد، تمیز، احترام اور سلیقے کے ہیں۔ یعنی کسی کام یا بات چیت کو شائستہ اور صحیح طریقے سے انجام دینا۔

AL-RIAZ ACADEMY
Shaping Futures

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 11: دیے ہوئے سوالات میں سے کوئی سے تین کے مختصر جوابات لکھیں۔ (15 نمبر)

(الف) ٹریفک کے اشارے کیوں بنائے جاتے ہیں؟

(ب) نغمہ "جیوے جیوے پاکستان" کس کی تخلیق ہے؟

(ج) خواتین کے کام سے متعلق دو معروف شعبوں کے نام لکھیں۔

(د) آداب کے لفظی معنی کیا ہیں؟

سوال نمبر 12: اپنے بڑے بھائی کے نام خط لکھ کر آپ کی سالگرہ پر بھیجے گئے تحفے کا شکریہ ادا کریں۔ (10 نمبر)

AL-RIAZ ACADEMY
Shaping Futures

سوال نمبر 13: نثر پارہ کو غور سے سنیں اور پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات زبانی سنائیں۔ (کل نمبر 15)

(ہدایت برائے ممتحن: نثر پارہ روبرکس میں دیا گیا ہے۔)

حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: درست تلفظ والا لفظ ہے:

(a) سَیراب (b) سِیراب (c) سُیراب (d) سَیرُاب

سوال نمبر 2: سیرت طیبہ میں ہر ایک کے لیے عمدہ طرز زندگی بسر کرنے کی موجود ہیں لازوال:

(a) زبانی نصیحتیں (b) عملی باتیں (c) عملی مثالیں (d) زبانی باتیں

سوال نمبر 3: کاروبار زندگی مفلوج ہونے کے باعث صورت حال تھی:

(a) بہتر (b) مایوس کن (c) پر امید (d) پریشان کن

سوال نمبر 4: سابقہ "قابل" کے درست استعمال والے الفاظ ہیں:

(a) قابل دید، قابل اظہار (b) قابل دید، قابل خیال (c) قابل دید، قابل قدر (d) قابل دید، قابل فخر

سوال نمبر 5: لفظ "دکھ" کا متضاد ہے:

(a) مصیبت (b) تکلیف (c) سکھ (d) الم

سوال نمبر 6: مرکب جملہ ہے:

(a) وقت پر پہنچ جاتا۔ (b) آج مجھے جانا ہے۔ (c) بارش ہو رہی ہے۔ (d) پہلے آؤ تو پھر جانا۔

AL RAAZ ACADEMY
Shaping Futures

سوال نمبر 13:

آیٹم روبرک (اردو):

درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ (10 نمبر)

حادثہ: تیز رفتاری سے گاڑی چلانے کی وجہ سے سڑک پر ایک المناک حادثہ پیش آگیا۔

قانون: ایک باہمی اور بہترین معاشرے کی تشکیل کے لیے ہر شہری پر قانون کی پاس داری کرنا لازمی ہے۔

معلومات: کتب خانہ معلومات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

دائرہ: ہمیں اپنی گفتگو اور عمل میں ہمیشہ ادب و احترام کے دائرے میں رہنا چاہیے۔

خلافِ ورزی: ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی کرنا اپنی اور دوسروں کی جان کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہے۔

AL-RIAZ ACADEMY

امتحانی مرکز

21۔ ستمبر 2026ء

پیارے بھائی جان!

السلام علیکم!

اُمید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ میں ٹھیک ہوں اور آپ کو بہت یاد کرتا ہوں۔ آپ کا بھیجا ہوا سال گرہ کا تحفہ مجھے ملا اور میں بہت خوش ہوا۔ آپ نے ہمیشہ کی طرح میرے لیے اتنی محبت اور خلوص سے یہ تحفہ بھیجا ہے جس کے لیے میں آپ کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

تحفہ بہت خوب صورت ہے اور میں اسے ہر روز استعمال کرتا ہوں۔ آپ کی طرف سے یہ تحفہ میرے لیے بہت خاص ہے اور آپ کی محبت ہمیشہ میرے دل میں رہے گی۔

آپ کا بہت شکریہ اور میری دعا ہے کہ اللہ آپ کو ہمیشہ خوش رکھے اور کامیابیاں عطا فرمائے۔

اپنا خیال رکھیے گا۔

والسلام

آپ کا چھوٹا بھائی

الف۔ب۔ج

نثر پارہ:

تجارت حلال روزی کمانے کا بہترین ذریعہ ہے لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ یہ کام اخلاقی اصولوں کے تحت صاف ستھرے انداز میں اور ملکی قوانین کی پاس داری کرتے ہوئے انجام دیا جائے۔ ایمان داری اور سچائی کی بنیاد پر کاروبار کرنے والوں کی اسلام نے بڑی فضلت بیان کی ہے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے قیامت کے روز اُن کے لیے انبیائے کرام، صدیقین اور شہدا کے ساتھ کی نوید سنائی ہے۔ اللہ تعالی نے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کو سخت تنبیہ کی ہے کہ آج اس دنیا میں تم جھوٹ، دھوکے اور بے ایمانی سے عارضی نفع کما لوگے لیکن کل قیامت کے دن تم اللہ کے سامنے کھڑے ہوگے تو تمھیں اپنے اعمال کے لیے جواب دہ ہونا پڑے گا اور اُس دن اللہ تعالی جو تمام جہانوں کا مالک، رازق، نیتوں سے واقف اور انصاف کرنے والا ہے، سب کو اُن کے اچھے یا برے اعمال کا بدلہ دے گا۔ حضور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے دوسروں کے ساتھ جھوٹ اور فریب سے کام لے کر اشیا فروخت کرنے والوں کو فاسق اور فاجر کہا ہے۔ انھیں قیامت کے دن اچھے لوگوں کا ساتھ نصیب نہ ہو سکے گا۔ اس لیے ایک تاجر کو چاہیے کہ وہ بہترین تجارت کے لیے اسلام کے سنہری اصولوں پر عمل پیرا ہو۔ یہی طرز تجارت ہی اُس کے لیے حقیقی نفع کا باعث بن سکتا ہے۔ یعنی جب کوئی مال خریدے یا فروخت کرے تو مکمل طور پر سچائی سے کام لے۔ مال سے متعلق کوئی بات مخفی نہ رکھے۔

(ممتحن دونوں گروپس میں سے کل پانچ سوالات پوچھے گا۔)

گروپ (الف)

1. حلال روزی کمانے کا بہترین ذریعہ کیا ہے؟
2. ایمان داری اور سچائی کی بنیاد پر کاروبار کرنے والوں کی اسلام نے کیا فضلت بیان کی ہے؟
3. حضور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے دوسروں کے ساتھ جھوٹ اور فریب سے تجارت کرنے والے کو کیا نام دیے ہیں؟

حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: درست تلفظ والا لفظ ہے:

(a) خِلقت (b) خلَقت (c) خلقت (d) خُلقت

سوال نمبر 2: اگر مزدور چوری کرتا تو اس کو:

(a) معاف کر دیا جاتا (b) بلا لیا جاتا (c) سزا دی جاتی (d) چھوڑ دیا جاتا

سوال نمبر 3: ایک خاتون کا معاشرے کے لیے متحرک اور فعال کردار ہی ملک و ملت کی ترقی کا:

(a) منہ بولتا ثبوت ہے۔ (b) مسئلہ ہے۔ (c) ضامن ہے۔ (d) جواز ہے۔

سوال نمبر 4: سابقہ "خوش" کے درست استعمال والے الفاظ ہیں:

(a) خوش حال، خوش عم (b) خوش حال، خوش کمرے (c) خوش حال، خوش بو (d) خوش حال، خوش بات

سوال نمبر 5: لفظ "دکھ" کا متضاد ہے:

(a) مصیبت (b) تکلیف (c) سکھ (d) الم

سوال نمبر 6: مرکب جملہ ہے:

(a) علی گھر آیا۔ (b) حمزہ سکول گیا۔ (c) ہم کھیل رہے ہیں۔ (d) وہ آیا تو میں چلا گیا۔

AL-RIAZ ACADEMY
Shaping Futures

پیراگراف ہدایات

دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے درست جوابات کا انتخاب کریں۔

موسم برسات میں کبھی ہوا تیز چلنے لگتی ہے تو فرحت حاصل ہو جاتی ہے مگر بعض دفعہ ہوا چلنا بالکل بند ہو جاتی ہے تب طبیعت میں گھٹن اور بے چینی محسوس ہونے لگتی ہے۔ اس حالت میں حشرات الارض باہر نکل آتے ہیں اسی لیے اس موسم میں شہروں میں کیڑے مکوڑوں اور گاؤں دیہات میں اکثر سانپوں اور بچھوؤں سے واسطہ پڑا رہتا ہے۔ لہٰذا احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ فرش پر لیٹنے سے گریز کیا جائے کیوں کہ اس طرح کیڑے مکوڑوں کے کاٹنے اور زہریلے جانوروں کے ڈسنے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔ موسم برسات میں بارشیں اور گھٹن بھی زیادہ ہوتی ہے۔ ایسے میں ریشمی ملبوسات گھٹن کے وقت شدید اذیت ناک صورت حال پیدا کر دیتے ہیں۔ لہٰذا ایسا لباس زیب تن کیا جائے جس میں پسینہ جذب کرنے کی صلاحیت موجود ہو۔ مثلاً سوتی کپڑے سے تیار شدہ ڈھیلا لباس بہت اچھا رہتا ہے۔ موسم برسات میں بارشوں کی کثرت کے باعث جگہ جگہ پانی جوہڑوں کی شکل میں کھڑا ہو جاتا ہے اور اس کھڑے پانی پر مچھر پرورش پاتے ہیں اور ملیریا کی افزائش کا باعث بنتے ہیں۔ نیز رات کے وقت یہی مچھر آرام کی نیند میں حائل ہوتے ہیں۔ مچھر کے خاتمہ کے لیے ضروری ہے کہ کھڑے پانی کے نکاس کا انتظام کیا جائے۔ بارشوں کی کثرت سے زمین اکثر گیلی اور نم دار رہتی ہے۔ دیواروں میں دوران بارش کرنٹ آ جاتا ہے۔ اس لیے گیلی دیواروں، درختوں اور کھمبوں کو چھونے سے گریز کریں۔

سوال نمبر 7: "ملیریا" کے پھیلاؤ کی بنیادی وجہ ہے:

(a) سانپ (b) کیڑے مکوڑے (c) مچھر (d) بچھو

سوال نمبر 8: حشرات الارض سے مراد ہے:

(a) درخت پر رہنے والے (b) زمین میں رہنے والے (c) پانی میں رہنے والے (d) ہوا میں رہنے والے

سوال نمبر 9: عبارت کا موزوں عنوان ہے:

(a) گرمیوں کی احتیاط (b) سردیوں کی احتیاط (c) برسات کی احتیاط (d) خزاں کی احتیاط

سوال نمبر 10: ملیریا سے بچاؤ کے لیے کرنا چاہیے:

(a) کھڑے پانی کو خشک کرنا (b) کپڑوں کو پانی سے دھونا (c) صحن میں پانی کا چھڑکاؤ (d) پانی سے جسم دھونا

پیراگراف ہدایات

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے درست جوابات کی نشان دہی کریں۔

ادیب ہمارے معاشرے کا ایک فرد ہوتا ہے، جو حساس دل و دماغ کا مالک ہوتا ہے۔ وہ معاشرتی خرابیوں اور اخلاقی خامیوں پر کڑھنے کے بجائے اپنی تحریروں سے ان کے تدارک کی تجاویز پیش کرتا ہے اور ان کی اصلاح کی کوشش بھی کرتا ہے۔ ادیب مایوس لوگوں کے دلوں میں امید کی کرن پیدا کرنے کا موجب بھی بنتا ہے۔ ایک ادیب اپنی تحریر سے معاشرتی برائیوں کو دور کرتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں میں شعور اور معاشرے میں سدھار پیدا ہوتا ہے۔ اُردو میں ایسے ولولہ انگیز ادیب بھی موجود ہیں، جو مختلف مواقع پر لوگوں میں شعور اور جوش و خروش پیدا کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ مثلاً تحریک پاکستان کے حوالے سے ایسا بہت سا ادب اُردو میں تخلیق ہوا، جس سے مسلمان قوم میں سیاسی، سماجی، ادبی اور تہذیبی شعور پیدا ہوا۔ ہمارے ادیبوں اور شاعروں نے اپنی تحریروں کے ذریعے آزادی کی جدوجہد میں ایک نئی روح پھونکی۔ جن ادیبوں اور شاعروں نے اپنے زورِ قلم سے لوگوں میں قومی تشخص اور آزادی کا جذبہ پروان چڑھایا، اُن میں مولانا الطاف حسین حالی، سر سید احمد خان، ڈپٹی نذیر احمد، علامہ شبلی نعمانی، جوش ملیح آبادی اور علامہ اقبالؒ سرفہرست ہیں۔

سوال نمبر 7: لفظ "اچھا" کا متضاد ہے:

(a) برا (b) نیک (c) اصلاح (d) مناسب

سوال نمبر 8: لفظ "دکھ" کا متضاد ہے:

(a) مصیبت (b) تکلیف (c) سکھ (d) الم

سوال نمبر 9: اس عبارت کا موزوں عنوان ہوگا:

(a) شعراکی اہمیت (b) ادب کی اہمیت (c) ادبی تحریر (d) قومی تشخص

سوال نمبر 10: لفظ "اونچ" کا متضاد ہے:

(a) چھوٹا (b) نیچ (c) کم عمر (d) شکست

ACADEMY
Shaping Futures

حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: درست تلفظ والا لفظ ہے:

(a) خِلقَت (b) خلقَت (c) خلقَت (d) خلقت

سوال نمبر 2: سیرت طیبہ میں ہر ایک کے لیے عمدہ طرز زندگی بسر کرنے کی موجود ہیں ازوال:

(a) زبانی نصیحتیں (b) عملی باتیں (c) عملی مثالیں (d) زبانی باتیں

سوال نمبر 3: کاروبار زندگی مفلوج ہونے کے باعث صورت حال تھی:

(a) بہتر (b) مایوس کن (c) پر امید (d) پریشان کن

سوال نمبر 4: سابقہ "خوش" کے درست استعمال والے الفاظ ہیں:

(a) خوش حال، خوش عمر (b) خوش حال، خوش کمرے (c) خوش حال، خوش بو (d) خوش حال، خوش بات

سوال نمبر 5: لفظ "دکھ" کا متضاد ہے:

(a) مصیبت (b) تکلیف (c) سکھ (d) الم

سوال نمبر 6: مرکب جملہ ہے:

(a) وقت پر پہنچ جانا۔ (b) آج مجھے جانا ہے۔

(c) بارش ہو رہی ہے۔ (d) پہلے آؤ تو پھر جانا۔

AL RIAZ ACADEMY
Shaping Futures

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 11: دیے ہوئے سوالات میں سے کوئی سے تین کے مختصر جوابات لکھیں۔ (15 نمبر)

(الف) دنیا کا پہلا تحریری دستور کسے کہا جاتا ہے؟

(ب) "انبیا و رسل کے امام" کن کو کہا گیا ہے؟

(ج) ملکی تعمیر و ترقی میں خواتین کیا کردار ادا کر سکتی ہیں؟

(د) ہسپتال کے نزدیک ہارن بجانا کیوں منع ہے؟

سوال نمبر 12: اپنے بڑے بھائی کے نام خط لکھ کر آپ کی سالگرہ پر بھیجے گئے تحفے کا شکریہ ادا کریں۔ (10 نمبر)

AL-RIAZ ACADEMY
Shaping Futures

سوال نمبر 13: درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ (10 نمبر)

حادثہ، قانون، معلومات، دائرہ، خلاف ورزی

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 11: دیے ہوئے سوالات میں سے کوئی سے تین کے مختصر جوابات لکھیں۔ (15 نمبر)

(الف) پانی ہمارے لیے کس طرح فائدہ مند ہے؟

(ب) "سخاوت کا دریا" سے کیا مراد ہے؟

(ج) معاشرہ کس طرح وجود میں آتا ہے؟

(د) فٹ پاتھ کس لیے بنائے جاتے ہیں؟

سوال نمبر 12: اپنے دوست کے نام خط لکھیے اور اسے چھٹیوں میں کتب کے مطالعے کی ترغیب دیتے ہوئے کوئی کتاب تجویز کیجیے۔ (10 نمبر)

Shaping Futures

سوال نمبر 13: درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ (10 نمبر)

حادثہ، قانون، معلومات، دائرہ، خلاف ورزی

ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر 11:

آیٹم روبرک (اردو):

دیے ہوئے سوالات میں سے کوئی سے تین کے مختصر جوابات لکھیں۔ (15 نمبر)

(الف) پانی ہمارے لیے کس طرح فائدہ مند ہے؟

جواب: پانی زندگی کے بقا کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ یہ ہماری پیاس بجھاتا ہے، جسمانی صحت کو برقرار رکھتا ہے اور زراعت، صنعت، صفائی اور کھانا پکانے میں استعمال ہوتا ہے۔

(ب) "سخاوت کا دریا" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "سخاوت کا دریا" سے مراد کھلے دل سے دوسروں کی مدد کرنا اور ہر وقت ضرورت مندوں کے کام آنا ہے۔ یہ ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔

AL-RIAZ ACADEMY
Shaping Futures

(ج) معاشرہ کس طرح وجود میں آتا ہے؟

جواب: جب بہت سے افراد اپنی ضروریات اور مقاصد کی تکمیل کے لیے ایک جگہ مل جل کر رہتے ہیں اور آپس میں اصول و قوانین کے تحت تعلقات قائم کرتے ہیں تو معاشرہ وجود میں آتا ہے۔

(د) فٹ پاتھ کس لیے بنائے جاتے ہیں؟

جواب: فٹ پاتھ پیدل چلنے والوں کی حفاظت کے لیے سڑک کے کنارے بنائے جاتے ہیں تاکہ وہ گاڑیوں کے حادثات سے محفوظ رہ کر آسانی سے آمد و رفت کر سکیں۔

امتحانی مرکز

21۔ ستمبر 2026ء

پیارے بھائی جان!

السلام علیکم!

اُمید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ میں ٹھیک ہوں اور آپ کو بہت یاد کرتا ہوں۔ آپ کا بھیجا ہوا سال گرہ کا تحفہ مجھے ملا اور میں بہت خوش ہوا۔ آپ نے ہمیشہ کی طرح میرے لیے اتنی محبت اور خلوص سے یہ تحفہ بھیجا ہے جس کے لیے میں آپ کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

تحفہ بہت خوب صورت ہے اور میں اسے ہر روز استعمال کرتا ہوں۔ آپ کی طرف سے یہ تحفہ میرے لیے بہت خاص ہے اور آپ کی محبت ہمیشہ میرے دل میں رہے گی۔

آپ کا بہت شکریہ اور میری دعا ہے کہ اللہ آپ کو ہمیشہ خوش رکھے اور کامیابیاں عطا فرمائے۔

اپنا خیال رکھیے گا۔

والسلام

آپ کا چھوٹا بھائی

الف۔ب۔ج

AL-RIAZ ACADEMY

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 11: دیے ہوئے سوالات میں سے کوئی سے تین کے مختصر جوابات لکھیں۔ (15 نمبر)

(الف) پانی ہمارے لیے کس طرح فائدہ مند ہے؟

(ب) "سخاوت کا دریا" سے کیا مراد ہے؟

(ج) معاشرہ کس طرح وجود میں آتا ہے؟

(د) فٹ پاتھ کس لیے بنائے جاتے ہیں؟

AL-RIAZ ACADEMY
Shaping Futures

سوال نمبر 12: اپنے دوست کے نام خط لکھیے اور اسے چھٹیوں میں کتب کے مطالعے کی ترغیب دیتے ہوئے کوئی کتاب تجویز کیجیے۔ (10 نمبر)

سوال نمبر 13: درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ (10 نمبر)

حادثہ، قانون، معلومات، دائرہ، خلاف ورزی